# فہرستِ اصطلاحات۔ اِسلامی

| نمبر شمار | اصطلاح | تشریح |
|---|---|---|
| .1 | محصلہ منافع (ایکروڈ پرافٹ ) | حاصل کردہ منافع جو صارف کی جانب سے وصول نہ کیا گیا ہو۔ |
| .2 | حاصل کنندہ (ایکوائرر) | وہ بینک اور مالی ادارے جو کاروباروں کے ساتھ باہمی اشتراک سے بذریعہ کریڈٹ /ڈیبٹ کارڈ رقوم کی ادائیگی قبول کرتے ہیں۔ |
| .3 | یونٹ کی اضافی خریداری (ایڈ شنل یونٹ پر چیز) | اثاثے میں بینک کا حصہ کم کرنے کیلیے تقلیلی مشارکہ کی رُو سے یونٹوں کی زائد خریداری |
| .4 | پیشگی بکنگ (ایڈوانس بکنگ ) | تیار کنندہ کو بذریعہ پیشگی ادائیگی گاڑی کی بکنگ |
| .5 | کرائے کی پیشگی ادائیگی | اجارہ کی جملہ مدت کے آغاز سے قبل رقم کی بطور کرایہ ادائیگی |
| .6 | مختار کار کی وساطت سے طے کردہ معاہدہِ سرمایہ کاری | اسلامی بینکاری کی مد میں مذکورہ اصطلاح سرمایہ کاری کے اُن معاہدوں کیلیے مستعمل ہے جس میں سرمایہ کاری کرنے والا کھاتہ بردار (اکاؤنٹ ہولڈر) اسلامی بینک کو اپنی رقم دردست (فنڈز) اِک مخصوص سطح سے تجاوز کی صورت میں متعین کردہ معاوضہ وحصہ منافع کے عوض سرمایہ کاری کیلیے بطور مختار (ایجنسی) نامزد کرے۔ متوقع منافع سے زائد کے حصول پہ منتج موخرالذکر صورت اسلامی بینک کیلیے مالی محرک (انسینٹو) کا درجہ رکھتی ہے۔ |
| .7 | معاہدے پر مہر لگانے کے اخراجات (چارجز) | مالی معاہدے پر مہر لگانے کے اخراجات (چارجز) جو صارف ادا کرتا ہے۔ |
| .8 | جدول ادائیگیِ قرضہ جات (امورٹائیزیشن شیڈول) | مساوی ماہانہ اقساط (ای ایم آئی) بشمول زرِاصل (پرنسپل) اور حاصل کردہ منافع کی تقسیم اور بے باق قرضہ جات کی معلومات |
| .9 | سالانہ فیس /تجدیدی (رینیوئل) فیس | صارف پہ لاگو کریڈٹ کارڈز /ریوالونگ لائن سہولیات کی دیکھ بھال کی سالانہ فیس |
| .10 | قابلِ اطلاق شرحِ منافع | سہولت پر قابلِ اطلاق منافع کی شرح |

| | | |
|---|---|---|
| 11. | درخواست کا فارم | بینکاری سہولیات سے استفادہ کے لئے درخواست فارم جس کو بینک کی شرائط کے مطابق پُر کیا جاتا ہے اور اس پر دستخط کئے جاتے ہیں۔ فارم میں پُر کئے جانے کے لئے مطلوبہ تفصیلات ہر سہولت کے لئے مختلف ہوں گی۔ درخواست فارم کے ساتھ کچھ مخصوص دستاویزات منسلک کرنے کی درخواست بھی کی جاسکتی ہے۔ |
| 12. | تخمینہ کار ایجنسی (اپریزل ایجنسی) | اثاثوں کی قابلِ فروخت قدر کے تخمینہ کے لئے استعمال کی جانے والی ایجنسی |
| 13. | العقد | قابلِ نفاذ عمل کی دلالت کردہ وہ قانونی معاہدہ جو ایجاب وقبول پہ منتج دوطرفہ اقرار نامہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ |
| 14. | ارض الوقف | بذریعہ اسلامی ریاست، کاروباری اداروں یا کسی فرد/ افراد کی جانب سے عوام الناس کی فلاح و بہبود کیلیے وقف کردہ قطعہ اراضی |
| 15. | اے ٹی ایم | آٹومیٹڈ ٹیلر مشین یا کوئی بھی کارڈ سے چلنے والی مشین یا آلہِ مشین، خواہ بینک یا دیگر اشترا کی بینکوں یا مالی اداروں یا متعلقہ افراد کی ملکیت ہو، یا ویزا کارڈ یا ماسٹر کارڈ گلوبل اے ٹی ایم نیٹ ورک یا اس کے ملحقہ نیٹ ورکس کی جو کارڈ قبول کرتی ہو۔ |
| 16. | آٹو فائی نینسنگ | ذاتی استعمال کے لئے گاڑی کی خریداری کے لئے قرضہ جات یا مالی سہولیات کی فراہمی |
| 17. | علی التواتر 'استثنٰی' | دوہرے استثنٰی پہ منتج معاہدے کی ایک قسم جسمیں ایک تجارتی ادارہ کسی بھی صنعتی و تجارتی سہولت (مثلاً برقی پیداوار کا پلانٹ) کے قیام کیلیے ایک اسلامی بینک سے رقوم بطور قرضہ جات فراہمی کیلیے رابطہ کرتا ہے۔ مذکورہ معاہدے کی رُو سے مالی ادارہ 'استثنٰی' کی بنیاد پر درکار سہولت کی فراہمی کیلیے حامی بھرتا ہے۔ مذکورہ عمل کی تکمیل کیلیے بینک یا مالی ادارہ ایک بار پھر 'استثنٰی' کی بنیاد پر کسی انجینئرنگ فرم کی خدمات حاصل کرتا ہے۔ مالی ادارے کی جانب سے انجینئرنگ فرم کو ادا کردہ معاوضہ اور اصل خریدار کی جانب سے وصول کردہ قیمت کے درمیان فرق مالی ادارے کا منافع (یا خسارہ) شمار کیا جائے گا۔ |
| 18. | البیع | ایک معاہدہ فروخت۔ تکنیکی اعتبار سے طرفین کی باہمی رضامندی سے مشروط ایک مختص قیمت پہ معین کردہ تجارتی سامان یا املاک کی فروخت۔ ایجاب وقبول پہ موقوف مذکورہ فروختی عمل کی دیگر کئی اقسام بھی رائج ہیں۔ |
| 19. | بیع الامانۃ | ایک ایسی فروخت جس میں طرفین ایک دوسرے پر بھروسہ کرتے ہیں۔ مذکورہ فروخت کی عمومی مثالوں میں بیع الوفا، بیع التجلیہ، بیع الودیعہ، مرابحہ شامل ہیں۔ |
| 20. | البیع الباطل | ایسا فروختی معاہدہ جو اپنے مادی یا بیانی اعتبار سے غیر قانونی ہو۔ |
| 21 | بیع الدین | نقد رقم کے حصول کیلیے واجب الادا قرضے کی فروخت۔ شرعی تقاضوں سے مطابقت کیلیے جملہ فروخت کو مساوی قیمت کا حامل ہونا ضروری ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 22. | بیع الغرر | کسی بھی ایسی شے کی فروخت جو کسی کی ملکیت میں نہیں اور نہ ہی کوئی اسے زیرِ تصرف لانے کی خواہش رکھتا ہو۔ |
| 23. | بیع العناح | ایسا معاہدۂ فروخت جسمیں ایک شخص کوئی شے کریڈٹ پر فروخت کرے اور فروخت شدہ شے کو نسبتاً کم قیمت پر دوبارہ خرید لے۔ |
| 24. | بیع الاستجرار | فروخت کی ایک قسم جسمیں کوئی خریدار علی الوقت ضرورت کی بنیاد پر یا قیمت متعین کیے بغیر درکار تجارتی سامان فروخت کنندہ سے خریدتا رہے اور بعد از خریداری مالی معاملات طے کرے۔ |
| 25. | بیع الاستثنیٰ | فروخت کا ایسا معاہدہ جس میں خریدار ایک مخصوص مدت میں ایک طے شدہ قیمت پر معینہ مقامِ پر ترسیل کی شرائط کے ساتھ فروخت کنندہ سے اسی کے خام مال سے مخصوص مصنوعات کی تیاری کی درخواست کرے۔ |
| 26. | بیع الکالی بلکالی | کریڈٹ کی بنیاد پہ فروخت کی ایک قسم جسمیں قرض دار مقررہ تاریخِ ادائیگی کے وقت اصل قیمت کے علاوہ مزید ادائیگی سے مشروط قرض کی مدتِ ادائیگی میں توسیع کی درخواست کرتا ہے۔ |
| 27. | بیع الخیار | مشروط فروخت۔ ایک ایسا معاہدۂ فروخت جسمیں خریدار کو سودا منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ |
| 28. | البیع المعجّل | اسلامی بینک کا اختیار کردہ فائی نانسنگ کا ایک اسلوب۔ یہ ایک ایسا معاہدہ ہے جس میں فروخت کنندہ خریدار کو اجازت دیتا ہے کہ آئندہ کی تاریخوں میں یکمشت یا اقساط کی صورت میں قیمت یا مال ادا کرے۔ |
| 29. | بیع المقیّدہ | مال کے عوض مال کی فروخت۔ |
| 30. | بیع المرابحہ | فروخت کنندہ اور خریدار کی باہمی رضامندی سے اصل لاگت پر مارک اپ بطور منافع وصولی سے مشروط مال کی فروخت |
| 31. | بیع المسومہ | فروخت کنندہ کو لاگت ظاہر کیے بغیر فروخت کنندہ اور خریدار کے مابین بھاؤ تاؤ کے بعد مال کی متفقہ قیمت پر فروخت۔ |
| 32. | بیع السلام | فروخت کا ایسا معاہدہ جسمیں بعد از فروخت فراہمی سے مشروط مال کیلیے پیشگی ادائیگی کی جاتی ہے۔ |
| 33. | بیع التاخیر | فروخت کا ایسا معاہدہ جسمیں رقم کی ادائیگی موقوف کر دی گئی ہو۔ |
| 34. | بیع التولیہ | فروخت کا ایسا معاہدہ جسمیں فروخت کنندہ اپنی تجویز کردہ قیمت پر کوئی چیز یا مصنوعات فروخت کرنے کیلیے متفق ہو۔ |
| 35. | بیع الوادیۃ | ایسا معاہدۂ فروخت جسمیں فروخت کنندہ خریدار کو اصل قیمت سے آگاہ کرتا ہے اور بیان کردہ قیمتِ فروخت میں رعایت دیتا ہے۔ |
| 36. | بیلنس ٹرانسفر (بی ٹی ایف) | صارف کے زیرِ استعمال مالی سہولت کے بقایہ جات کی دیگر بینکوں /DFIs سے منتقلی |

| | | |
|---|---|---|
| 37. | بیلنس ٹرانسفر اکاؤنٹ | مالی سہولت کے استعمال کے لئے صارف کے نام پر ایک اکاؤنٹ کھولا جائے گا۔ |
| 38. | Balloon پیمنٹ | قرض کے واجبات کو کم کرنے کے لئے صارف کی طرف سے اقساط کے علاوہ اضافی ادائیگی۔ |
| 39. | بینکرز لیئن | اثاثے پر بینک کا چارج |
| 40. | بینک کی شرحِ سرمایہ کاری (بی آئی آر) | بینک کی جانب سے کسی اثاثے میں اس کی قدر کے عوض کی گئی سرمایہ کاری کی شرح |
| 41. | بنیادی شرح (بیس ریٹ) | قرض کی پرائسنگ کے تعین کے لئے بینچ مارک شرح۔ |
| 42. | بلنگ سائیکل | مہینے کی وہ تاریخ جب بل /اسٹیٹمنٹ بنایا جاتا ہے۔ |
| 43. | بی او کیو (BOQ) | بل آف کوانٹٹی - کنسٹرکشن سے متعلقہ معاملات میں واجب الادا رقم کی مرحلہ وار تقسیم ادائیگی |
| 44. | بی آر پی (منافع میں شرکت کی مد میں بینکرز کا تناسب) | مشارکہ یا مضاربہ کی رُو سے کاروباری یا صنعتی ادارے کے منافع میں بینک کا فی صد حصہِ منافع |
| 45. | کاروباری شخص (بزنس پرسن) | ذاتی کاروبار کا حامل فرد |
| 46. | اعادۂ خرید (بائی بیک) | پاکستان میں عامل بینکوں میں سرمایہ کاری کا ایک طریقہ کار جسکی رُو سے بینک اپنے موکل (کلائنٹ) کیلیے مال، سازوسامان یا قطعہ اراضی اس شرط پہ خرید تا ہے کہ موکل مذکورہ مال یا سامان بصورتِ موٴخر ادائیگی زائد قیمت پر بینک سے واپس خرید لے گا۔ |
| 47. | سرمائے کی حصہ رسدی (کیپیٹل کنٹر بیوشنز) | بمتعلق اسلامی فنڈ مذکورہ فنڈز اضافی فنڈ زشمار کیے جاتے ہیں جو فنڈ مینجر کی حسبِ منشاء مستقبل میں درپیش ممکنہ ضروریات کی تکمیل کیلیے سرمایہ کاروں سے ایک فنڈ کی صورت میں اکھٹا کیے جاتے ہیں۔تاہم نئے حصص یا یونٹس مذکورہ سرمائے کی حصہ رسدی (کیپیٹل کنٹر بیوشن) کے بدل میں جاری نہیں کیے جاتے۔ |
| 48. | معاملت سرمایہ (کیپیٹل ٹرانزیکشنز) | بمتعلق اسلامی فنڈ مذکورہ فنڈ زیونٹس/حصص کی فروخت اور اُن یونٹس/حصص کی کُل تعداد پر مشتمل ہوتے ہیں جو حاصل کردہ یونٹس/حصص سے نسبتاً کم مالیت کی تقسیم شدہ رقوم/منقسمہ کی مکرّر سرمایہ کاری کی مد میں جاری کیے جاتے ہیں۔ |
| 49. | کارڈ | قابلِ اطلاق ویزا کارڈ، ماسٹر کارڈ اور/ یا کوئی بھی دوسرا کارڈ بشمول کو برانڈ کارڈز، ای کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، کارڈ ممبر کو بینک کا وقتاً فوقتاً جاری کردہ دوسرا کارڈ، بشمول سپلیمنٹری اور بعد ازاں جاری کردہ، رینیوئل یا ریپلیسمنٹ کارڈز۔ |
| 50. | کارڈ اکاؤنٹ | ویزا /ماسٹر کارڈ اکاؤنٹ یا بینک کے وقتاً فوقتاً جاری کردہ کارڈ (یا کارڈز) سے متعلق کوئی بھی اکاؤنٹ، جسے بینک اس مقصد سے کھولے کہ کارڈ ممبر اور سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے یا اس کے لئے کیے گئے اخراجات، یا اس کے یا اس کے لئے وصول کردہ واجبات کو سسٹم میں داخل کر سکے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 51. | کارڈ کا جاری کنندہ | کوئی بینک، مالی ادارہ، کریڈٹ یونین یا ایجنسی جو عوام یا اس کے ارکان کو کوئی کارڈ جاری کرے |
| 52. | کارڈ ممبر | وہ شخص جس کو بینک کارڈ جاری کرے، بشمول ہر سپلیمنٹری کارڈ ممبر |
| 53. | کارڈ ریپلیسمنٹ فیس | کارڈ لاپتہ، چوری یا خراب ہوجانے کی صورت میں بینک کی جانب سے متبادل کارڈ جاری کرنے کی فیس |
| 54. | کارڈ ٹرانزیکشن | کارڈ کے ذریعے کی گئی ادائیگی یا حاصل کردہ نقد ایڈوانس یا کارڈ اکاؤنٹ سے قابلِ منہا کوئی رقم، یا بینک یا اشیائ، سروسز اور دیگر فوائد کے کسی مرچنٹ کی طرف سے عائد کردہ کوئی رقم |
| 55. | سینٹرل ڈیپازٹ یا سی ڈیز (CDs) | سینٹرل ڈیپازٹ یا سی ڈیز کا شمار اسلامی اقتصاد کیلیے مجوزہ مالی پالیسی کے کارآمد جز کے طور پر کیا جاتا ہے۔ مرکزی بینک رُکن بینکوں میں انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کھول سکتا ہے جسمیں مرکزی بینک اپنا بنایا ہوا جمع (ڈپازٹ) کرتا ہے یا جس سے مرکزی بینک اپنا ریٹائر کردہ پیسہ واپس نکلواتا ہے۔ رُکن بینک اپنی اپنی انویسٹمنٹ پالیسی کے مطابق اِس ڈپازٹ شدہ رقم کو ریئل سیکٹر میں سرمایہ کاری کیلیے استعمال کرسکتے ہیں۔ مذکورہ ڈپازٹس سے کمایا گیا منافع مرکزی بینک کے آپریشنز کی مد میں لاگو اخراجات کو پورا کرنے کیلیے استعمال میں بھی لایا جاسکتا ہے۔ |
| 56. | مشارکہ سرٹیفکیٹ | اپریل 1995 میں کارپوریٹ لاء اتھارٹی آف پاکستان کا منظور شدہ ایک اسلامی مالی ذریعہ (انسٹرومنٹ) |
| 57. | چارجز | بینک کے قوائد وضوابط کے تحت صارف پر بینک کو واجب الاداء رقم، بشمول کوئی ٹرانزیکشنز، سالانہ ممبرشپ، سروسز فیس، تاخیر کی فیس اور دیگر فیس / چارجز |
| 58. | خیرات (چیریٹی) | ضرورت مند و نادار افراد کی مالی امداد۔ صارف سے یہ ذمہ داری اٹھانے کی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ واجب الادا کرائے کی مقررہ تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں اسلامی بینک کے زیرِ نگرانی ایک خاص رقم خیرات کرے گا۔ |
| 59. | حدِ مطلق (کلین لِمٹ) | قرض کی وہ حد جو بینک نے کسی گروی / سیال/غیر سیال تمسکات (سیکیوریٹیز) کے بغیر منظور کی ہو |
| 60. | کلیئر ٹائٹل | جو جائداد کسی شک وشبہ سے پاک ہو، متنازع نہ ہو، اور اس پر کوئی واجبات نہ ہوں، وہ کلیئر ٹائٹل کی حامل کہلاتی ہے |
| 61. | اختتامی بقایاجات (کلوزنگ بیلنس) | کسی مخصوص مدّت / ماہ کے کام کے آخری دن واجب الاداء (یا دستیاب) رقم |
| 62. | شریک درخواست گزار (کوایپلیکینٹ) | شریک درخواست گزار وہ شخص ہوتا ہے جو اصل درخواست گزار کے زیرِ شراکت اس عہد کے ساتھ مالی معاہدے میں دستخط کرتا ہے کہ وہ درخواست گزار کی بطور سرمایہ کار عدم اہلیت کی صورت میں مذکورہ سرمایہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 63. | کولیٹرل | قرض کی ادائیگی کی ضمانت کے طور پر قرض خواہ کے پاس گروی رکھا گیا اثاثہ۔ کولیٹرل سیونگز بانڈز، انشورنس پالیسیوں، زیورات، جائداد یا دیگر اشیاء پر مشتمل ہو سکتا ہے جو معاہدے کے مطابق ادائیگیاں نہ ہونے کی صورت میں قرض ادا کرنے کے لئے گروی کے طور پر رکھی جائیں۔ |
| 64. | محصل (کلیکٹر) | بینک کا وہ ملازم جو ادائیگیاں وصول کرنے کا ذمہ دار ہو |
| 65. | مضاربہ ممزوج (کومنگلڈ مضاربہ) | یہ متعلق اسلامی بینک مذکورہ مضاربہ، مضاربے کی ایک ایسی شکل ہے جس میں بینک فنڈز کو سرمایہ کاری کیلیے قبول کرتا ہے اور اس ضمن میں خود بھی فنڈز مختص کرتا ہے۔ حاصل کردہ منافع ونقصان متفقہ تناسب میں تقسیم کرلیا جاتا ہے اور بینک بھی بحیثیت مضارب اپنی خدمات کے عوض سرمایہ کاروں کے حاصل کردہ منافع میں سے اپنا حصہ وصول کرتا ہے۔ مزید دیکھیے: مضاربہِ غیر ممزوج (نان کومنگلڈ مضاربہ) |
| 66. | مضاربہِ اشیاء (کموڈٹی مضاربہ) | مضاربہ کا ایک ایسا معاہدہ جس میں سرمایہ (کیپیٹل) کا مالک سرمایہ زرِ نقد کی بجائے تجارت کیلیے درکار اشیاء (عروض) کی صورت میں فراہم کرتا ہے۔ |
| 67. | مستقل مشارکہ | یہ مشارکہ کی ایسی شکل ہے جس میں حصہ داروں کے ایکویٹی میں ہم قدر حصص معاہدے کے مندرجات میں جُوں کے تُوں رہتے ہیں۔ |
| 68. | طے شدہ قیمت (کنٹریکٹ پرائس) | صارف کی جانب سے بینک کو اثاثے کیلیے مسومہ/مضاربہ ٹرانزیکشنز کی رُو سے واجب الادا کُل رقم |
| 69. | کریڈٹ ہسٹری | کسی شخص کی مالی پروفائل جو اس تفصیل پر مبنی ہو کہ وہ اپنے بل، قرضے اور مختلف بینکوں و دیگر مالی اداروں کے واجبات کس انداز میں ادا کرتا ہے۔ |
| 70. | ادھار کی حد (کریڈٹ لمٹ) | وہ زیادہ سے زیادہ رقم جو کوئی شخص بینک کی پیشگی اجازت یا منظوری کی بنیاد پر اپنے اکاؤنٹ سے نکلوا سکتا ہے۔ بالفاظِ دیگر وہ حد جو کوئی بینک اپنے صارف کے لئے اُس کی کریڈٹ ہسٹری، ادائیگی کی استعداد اور بینک کے ساتھ تعلق کی بنیاد پر طے کرتا ہے۔ |
| 71. | کریڈٹ مرابحہ | فروخت کنندہ کی قیمتِ خرید پہ لاگو مارک اپ کی بُنیاد پر فروخت کا ایسا معاہدہ اس شرط کے ساتھ کہ خریدار قیمت فروخت بعد میں ادا کرے گا۔ |
| 72. | قرض کی شرح بندی (کریڈٹ ریٹنگ /اسکور) | کسی متوقع قرض دار (فرد) کے کریڈٹ رِسک کا جائزہ، یعنی اس کے حوالے سے قرض کی ادائیگی کی استعداد کی پیش بینی اور عدم ادائیگی کے امکان کی قطعی پیش گوئی |
| 73. | کریڈٹ رِسک | کریڈٹ رِسک ایک ایسے رسک پر مشتمل ہوتا ہے جس کی رُو سے معاہدہ جاتی تحدیدی تقاضوں (چاہے وہ مرابحہ ہو، مضاربہ، اجارہ، قرضِ حسن، اجارہ واقتناء یا شرکہ) کا پابند فریقِ مقابل (کاؤنٹر پارٹی) رقم ادائیگی کی مقررہ تاریخ کے دن ڈیفالٹ تصور کیا جائے گا۔ |
| 74. | کراس سیل (Cross Sell) | کسی ایسے شخص کو مصنوعات کی فروخت جو پہلے سے ہی ان اشیاء کا صارف ہو |

| | | |
|---|---|---|
| .75 | کرنٹ | تمام ادائیگیاں بروقت ادا کرنے والا صارف |
| .76 | صارف | وہ شخص جو بینک کی سہولیات یا مصنوعات سے استفادہ کر رہا ہو |
| .77 | الدین المعجل | اسلام کی آمد سے قبل رائج قرض دہندگی کی ایک قسم جسمیں قرضدار کو مستعار شدہ رقم کی مدتِ ادائیگی میں توسیع کے عوض مجموعی قرض سے زائد رقم ادا کرنا پڑتی تھی۔ |
| .78 | ڈیلرشپ | گاڑی ڈیلرشپ کے ذریعے فراہم کی جارہی ہے۔ |
| .79 | شرحِ قرض / بارِ قرض | کسی صارف پر اس کی مجموعی ماہانہ آمدنی کے بالمقابل بینکوں یا قرض خواہوں کو واجب الاداء رقم کی شرح۔ اس سے عکاسی ہوتی ہے کہ صارف کی آمدنی کا کتنا فیصد ہر ماہ قرضوں کی ادائیگی میں صَرف ہوتا ہے۔ ایک اسلامی بینک میں شرحِ قرض درخواست گزار کو قابلِ ادائیگی رقم کا تخمینہ لگانے کیلیے شمار کی جاتی ہے۔ |
| .80 | نادہندگی/ ادائیگی میں غفلت | تسلیم شدہ شرائط وضوابط کی رُو سے یا بلحاظ دیگر بینک کو قابلِ ادائیگی رقم / رقوم کی عدم ادائیگی کی صورت میں صارف نادہندہ قرار دیا جاتا ہے۔ مزید برآں صارف کی جانب سے معاہدے/ شرائط و ضوابط کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی بھی نادہنگی پر منتج ہوتی ہے۔ جب صارف تسلیم شدہ شرائط و ضوابط کی رُو سے مستعار شدہ رقم / رقوم کی ادائیگی میں ناکام ہوجائے یا جب مطلوبہ ادائیگی واجب الادا ہوجائے ایسی صورت میں صارف کا اکاؤنٹ نادہندہ شمار کیا جاتا ہے۔ |
| .81 | ڈلیوری ایکسپٹنس فارم | یہ گاڑیوں کے لئے فراہم کئے گئے قرضہ جات کے ضمن میں ایک لازمی دستاویز ہے جس پر صارف دستخط کر کے ڈیلر سے گاڑی وصول کرنے اور اس پر اپنا قبضہ حاصل ہونے کی توثیق کرتا ہے۔ |
| .82 | مطلوبہ فنانسنگ رقم | صارف کو مطلوبہ رقم |
| .83 | مطلوبہ فنانسنگ مدّت | صارف کو مطلوب مدّت |
| .84 | تقلیلی مشارکہ | تقلیلی مشارکہ کی رُو سے کوئی املاک بینک اور صارف کی مشترکہ ملکیت میں لائی جاتی ہے۔ بینک کا حصہ بلحاظ تعداد یونٹس میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ صارف معیادی وقفوں میں بینک سے مذکورہ یونٹس کو خریدتا رہتا ہے اور نتیجتاً غیر منقسم املاک میں اُس کا حصہ بتدریج بڑھتا رہتا ہے تا دفتیکہ وہ تمام کے تمام یونٹس نہ خرید لے۔ |
| .85 | براہِ راست قرض / خودکار قرض کی سہولت | بینک کی طرف سے صارف کو فراہم کردہ سہولت جس کے تحت ادائیگی کی آخری تاریخ کو اس کے اکاؤنٹ سے پوری یا کم سے کم رقم منہا کردی جاتی ہے۔ |
| .86 | تقسیمِ رقم / ادائیگی (ڈسبرسمنٹ) | صارف کے نام پر قرض کی فراہمی |
| .87 | تضاد (ڈسکریپنسی) | اگر صارف کی قرض کی درخواست یا فراہم کردہ دستاویزات میں کوئی نامکمل یا لاپتہ، یا یکے بعد دیگرے لاپتہ دستاویزات ہوں، یا کوئی معلومات پڑھی جانے کے قابل نہ ہوں یا اس میں تضاد ہو تو یہ ڈسکریپنسی کے ضمرے میں آتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 88. | منسوخ چیک / واپس شدہ چیک | ادا کنندہ کے بینک کی طرف سے واپس کردہ چیک، جس کی متعدد ممکنہ وجوہات ہو سکتی ہیں، مثلاً ناکافی فنڈز، رقوم میں تضاد، بدخط دستخط یا ایسا دستخط جو پڑھے جانے کے قابل نہ ہو، تحریر کے اوپر تحریر، گزری ہوئی تاریخ کا چیک وغیرہ |
| 89. | متنازع ٹرانزیکشن | کارڈ ہولڈر کوئی ایسی ٹرانزیکشن پوسٹ کر دے جس کو وہ قبول نہ کرے اور وضاحت درکار ہو |
| 90. | ڈی پی ڈی | معاہدے میں طے شدہ شرائط وضوابط کے مطابق صارف کی ادائیگی واجب الاداء ہونے کی تاریخ کے بعد گزرنے والے دن |
| 91. | مقررہ تاریخ / ادائیگی کی آخری تاریخ / قسط ادا کرنے کی تاریخِ ادائیگی | گوشوارۂ حسابات، کرنٹ بیلنس، یا کسی سہولت کے عوض بینک کو واجب الاداء قسط کی ادائیگی کے نظام الاوقات میں ماہانہ ادائیگیوں کی معیّن کردہ تاریخ |
| 92. | ای الرٹس | صارف کو بذریعہ ای میل / ایس ایم ایس بھیجے گئے پیغامات |
| 93. | Early سیٹلمنٹ | ادائیگی کے نظام الاوقات کے مطابق قرض کی تاریخِ ادائیگی سے قبل مکمل ادائیگی |
| 94. | ای بینکنگ / انٹرنیٹ بینکنگ | انٹرنیٹ کے ذریعے بینک سے لین دین۔ اس کے لئے ایک غیر مماثل مخفی کلمۂ شناخت (پاس ورڈ) کے ذریعے بینک کے وضع کردہ ورچوئل پروگرام/ ایپلیکیشن تک رسائی حاصل کی جاتی ہے۔ |
| 95. | ای- سی آئی بی / کریڈٹ بیورو | اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو (ای سی آئی بی) قائم کیا ہے جس کے مطابق تمام بینکوں اور مالی اداروں پر لازم کیا گیا ہے کہ تمام قرضہ جات وپیشگی ادائیگیوں سے اسٹیٹ بینک کو مطّلع کیا جائے۔ |
| 96. | ارلی ٹرمینیشن چارجز | اگر صارف متفقہ اختتامی مدت سے قبل اجارہ معاہدہ کو ختم کرنا چاہتا ہے تو اس کو یہ حقِ انتخاب حاصل ہے کہ وہ اثاثے کو قبل از منظوری لگائی گئی قیمتِ خرید پر حاصل کر سکتا ہے۔ |
| 97. | ای ایم آئی | ایکوَل منتھلی انسٹالمنٹس یعنی مساوی ماہانہ اقساط |
| 98. | ایکویٹی / ڈاؤن پیمنٹ | گاڑی میں صارف کا اسٹیک - قرض کی فراہمی سے پہلے صارف گاڑی کی مالیت کا کچھ حصّہ ادا کرتا ہے۔ |
| 99. | ساعتِ مقررہ (ایکسپائری ڈیٹ) | کارڈ پر درج بینک کی متعین کردہ کارڈ کی تاریخِ تنسیخ |
| 100. | بیرونی ایجنسیز | بینک کے پینل پر موجود صارفین کو بینکاری خدمات فراہم کرنے والی ایجنسیاں |
| 101 | شرحِ سہولت / پرائسنگ | مصنوعات/ خدمات پر عائد کردہ شرحِ منافع |
| 102. | قیمتِ بجا (فیئر پرائس) | ایسی قیمت جس کا تعین شرعی تقاضوں کے عین مطابق مارکیٹ آپریشنز کی بنیاد پر کیا گیا ہو۔ |
| 103. | فتویٰ | فتوے جاری کرنے کے مجاز قابل وفاضل شرعی امور کے عالم کا کسی معاملے واسکی شرعی حیثیت کے بارے میں فیصلہ کُن فرمان جو شرعی اصولوں واحکامات کی روشنی میں جاری کیا گیا ہو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 104. | ایف سی وائی | فارِن کرنسی اکاؤنٹ، یعنی غیر مُلکی کرنسی کا اکاؤنٹ |
| 105. | ایف ای ڈی | فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی یعنی وفاقی حصولِ آبکاری |
| 106. | معاہدہ سرمایہ کاری (فنانسنگ اگریمنٹ) | صارف اور بینک کے درمیان معاہدے کے لئے استعمال کردہ دستاویزات |
| 107. | مقررہ شرح ( فکسڈ ریٹ ) | سرمائے کی فراہمی کے وقت مقرر کردہ منافع کی شرح جو سہولت کی کُل مدّت و اختتام تک قابلِ اطلاق ہو۔ |
| 108. | مدتِ معینہ ( فکسڈ ٹرم ) | اس کا اطلاق اُن مصنوعات و خدمات پر ہوتا ہے جن کی میعاد طے شدہ ہو۔ اگر میعاد ختم ہونے سے پہلے بینک مصنوعات یا خدمات میں تبدیلی کرنے کے لئے متفق ہو جائے تو صارف سے اخراجات وصول کئے جاسکتے ہیں۔ |
| 109. | شرحِ رواں (فلوٹنگ ریٹ ) | شرحِ منافع جو کسی طے شدہ مدّت کے بعد قابلِ تجدید ہو۔ یہ شرح KIBOR بشمول اخراجات نکالنے کے بعد بچنے والے خالص منافع کی طے شدہ فیصد سے منسلک ہوتی ہے۔ |
| 110. | ایف ایکس کنورژن چارجز | غیر مُلکی کرنسی ٹرانزیکشنز کے اخراجات جو صارف پر پاکستانی روپے میں منتقلی کے عوض عائد ہوتے ہیں۔ |
| 111. | جی سی اے ایس | گلوبل کسٹمر اسسٹنس سروس، یعنی عالمی سطح پر صارفین کے لئے معاونت کی سروس |
| 112. | تکافلِ عمومی | آگ، چوری یا ناگہانی قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کے ازالے کیلیے مشترکہ بیمہ کاری کے اصولوں کے عین مطابق وضع کردہ اسلامی انشورنس کی ایک قسم۔ |
| 113. | الغرر | فی الوقت غیر دستیاب شے کی فروخت یا کسی ایسی شے کی فروخت جسکا انجام یا حاصل نادیدہ و لامعلوم ہو یا ایک ایسی فروخت جس کے ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں بے یقینی، رسک یا اندیشہ لاحق ہو مثلاً پانی میں تیرتی مچھلی یا وہوا میں معلق کوئی پرندہ۔ |
| 114. | ضمانت ( گارنٹی ) | اگر کوئی شخص قرض دار کی جانب سے عدم ادائیگی کی صورت میں اس کا واجب الادا قرض/بقایا اقساط چُکتا کرنے کی یقین دہانی کرے تو وہ 'گارنٹر' ( ضامن ) اور وعدہ 'گارنٹی' ( ضمانت ) کہلاتا ہے۔ |
| 115. | حباح | کوئی تحفہ |
| 116. | عملِ مکفولیت (ہائپوتھکیشن ) | رہن بالکفالت - بینک سے مستعار شدہ رقم سے حاصل کی گئی گاڑی پر چارج / رہن ( حقِ تصرّف ) عائد کرنے کا عمل |
| 117. | اجارہ | کسی شے کو پٹے پر دینے (اجارے) کا معاہدہ جس میں بینک ایک آئٹم ( شے ) کو خرید کر اسے صارف کو ایک معینہ مدت کیلیے کرائے پر دے دیتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .118 | مصارفِ اجارہ | کسی اثاثے کی لیزنگ کی مدمیں ادا کردہ کرائے کی اقساط جوکرائے دار (اجارہ دار) کی بک (ریکارڈ) میں بحیثیت اجارہِ مصارف درج کی جاتی ہیں۔ |
| .119 | محاصلِ اجارہ | مالی ادارے کی لیز کردہ اثاثے کے عوض وصول شدہ کرائے کی اقساط |
| .120 | الاجارہ ولاقتناء | اسلامی بینکوں کا اختیار کردہ فائی نانسنگ کا ایک طریقہ کار۔ یہ ایک ایسا معاہدہ ہے جسکے تحت اسلامی بینک اپنے موکل (کلائنٹ) کیلیے ایک متفقہ کرائے کی رقم کے عوض کسی ساز وسامان، عمارت یا کسی اور سہولت میں سرمایہ لگا تا ہے۔ |
| .121 | الاجماع | ماہرینِ قانون (مجتہدین) کے مابین ایک خاص عہد میں کسی مخصوص معاملے کے حوالے سے اتفاقِ رائے |
| .122 | الاجتہاد | ایک ماہرِ قانون کی باوثوق شواہد کی روشنی میں کسی قانون کو وضع کرنے یا اسے ضابطہ یا مروجہٗ قاعدے کا رتبہ دینے کی کوشش |
| .123 | انکم اسٹیمیشن ایجنسی | صارف کی آمدنی کا تخمینہ لگانے کی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ |
| .124 | آئی وی آر (IVR) | انٹرایکٹو وائس رسپانس -ٹیکنالوجی جو کی پیڈ کے ذریعے ڈی ٹی ایم ایف (ڈوئل ٹون ملٹی فریکوئنسی) ٹونز وصول کر کے کمپیوٹر کو انسانوں سے متعامل کرتی ہے۔ |
| 126 | انٹرنل شریعہ ریویو | اسلامی بینک کا خودمختار ڈویژن یا ڈپارٹمنٹ یا انٹرنل آڈٹ ڈپارٹمنٹ کا جزو۔ یہ اس بات کی جانچ کرتا ہے کہ بینک کے آپریشنز شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے جاری کردہ شرعی قواعد وضوابط، ہدایات اور فتاوٰی سے ہم آہنگ ہیں یا نہیں۔ |
| 127 | انویسٹمنٹ ایسٹس | اسلامی بینک کے تناظر میں انویسٹمنٹ ایسٹس مالیاتی انسٹرومنٹس میں سرمایہ کاریوں کو کہتے ہیں جو کسی بھی موزوں اسلامی مالیاتی انسٹرومنٹ کے ذریعے کی گئی ہوں۔ |
| 128 | انویسٹمنٹ رِسک ریزرو | اسلامی بینک کے تناظر میں انویسٹمنٹ رِسک ریزرو انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی آمدنی میں سے مضارب کا حصہ مختص کرنے کے بعد نکالی گئی رقم کو کہتے ہیں جس کا مقصد سرمایہ کاروں کو مستقبل کے خساروں کے بالمقابل تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے۔ |
| 129 | اسلامک بینکنگ | اسلامی اقدار وعقائد کے نظام سے مطابقت میں کی جانے والی بینکاری، بالمقابل کنوینشنل بینکاری کے جس میں انٹریسٹ کی بنیاد پر قرض کے لین دین کا کاروبار چلایا جاتا ہے۔ |
| 130 | اسلامک کریڈٹ کارڈ | کنوینشنل کریڈٹ کارڈ کا اسلامی نعم البدل |
| 131 | استجرار | اسلامی مالیاتی طریق کار جس میں خریدار کپاس، قابلِ خوردنی تیل، ادویات وغیرہ جیسی اشیاء سہولت کے ساتھ خرید سکتے ہیں۔ بینک کو واجب الاداء قیمتِ فروخت مارکیٹ کی قوتیں طے کرتی ہیں۔ قیمتِ فروخت مالیاتی مدّت کے دوران مارکیٹ میں رائج قیمتوں کا اوسط ہوتی ہے۔ ان قیمتوں کا تعیّن قابلِ اعتماد اور غیر متنازع ذرائع کرتے ہیں۔ |
| 132 | الکفالہ | معاہدہ جس میں ایک شخص کسی دوسرے شخص کی کوئی ذمہ داری پوری کرنے یا واجبات ادا کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 133 | KIBOR | کراچی انٹر بینک آفرڈ ریٹ - اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کراچی میں ماہانہ بنیاد پر بینکوں کے مابین لین دین پر اطلاق کے لئے پیش کردہ شرح |
| 134 | لائیراپریزل ایجنسی | جائداد کے دستاویز کی توثیق اور جانچ کی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ |
| 135 | لیزفیسلٹی | لیز ایک قانونی معاہدہ ہے جس کے تحت کوئی شخص ( lessee-استعمال کنندہ ) کسی دوسرے شخص ( lessor-مالک ) کے اثاثے کو استعمال کرتا ہے اور اس کا معاوضہ ادا کرتا ہے۔ |
| 136 | لیزنگ سر ٹیفکیٹ | ایک اسلامی مالیاتی انسٹرومنٹ جو اسلامی بینک اُن صارفین کے لئے پیش کرتے ہیں جو لیز آپریشنز میں اپنا سرمایہ لگانا چاہتے ہیں۔ |
| 137 | لائبلٹیز | صارف پر بینک کو واجب الاداء کسی بھی نوعیت کی رقم |
| 138 | لنکڈ اکاؤنٹ | ماہانہ ادائیگیوں /اقساط کی ادائیگی کے لئے کھولا گیا اکاؤنٹ |
| 139 | قانونی چارہ جوئی کے اخراجات | نادہندہ صارف کے خلاف بینک کی جانب سے مقدمہ دائر کئے جانے کے اخراجات |
| 140 | ایل او یو | لیٹر آف انڈر اسٹینڈنگ -صارف اور بینک کے درمیان مفاہمتی خط جس میں اہم شرائط وضوابط بیان کئے جائیں |
| 141 | مینوفیکچرر | گاڑی کا تیار کنندہ |
| 142 | مارجن | بینک کے منافع کی شرح |
| 143 | میچورٹی | قرض کی ادائیگی کی تکمیل |
| 144 | مرچنٹ | شخص یا ادارہ جو کارڈ کو ذریعہء ادائیگی کے طور پر قبول کرنے والے کو مصنوعات اور/ یا خدمات اور/ یا دیگر فوائد فراہم کرے |
| 145 | Money مضاربہ | معاہدۂ مضاربہ جس میں کیپٹل کا مالک نقد ( 'عین' ) میں کیپٹل فراہم کرتا ہے۔ |
| 146 | ماہ | کیلنڈر کا مہینہ |
| 147 | مورگیج | رہن - قرض یا فنانس کے ذریعے فراہم کردہ رقم کی ادائیگی کی ضمانت کے طور پر کسی مخصوص ناقابلِ انتقال جائداد میں اشتراک |
| 148 | المعاملہ | زمین یا پھل دار درختوں کی لیز، جس کے عوض رقم یا فصل میں حصہ لیا جائے۔ |
| 149 | مضاربہ سر ٹیفکیٹ | اسلامی انویسٹمنٹ کمپنیز کا وضع کردہ مالیاتی انسٹرومنٹ جس کا مقصد رقوم کو سرمایہ کاری کے لئے متحرک کرنا ہوتا ہے۔ مضاربہ سر ٹیفکیٹ خصوصی مقصد کے لئے بھی ہوسکتا ہے اور عمومی مقصد کے لئے بھی۔ مقدّم الذکر مخصوص منصوبوں کے لئے رقم کی فراہمی کے لئے ہوتا ہے منصوبے کی تکمیل پر ہی میچور ہوتا ہے۔ مؤخر الذکر میں کوئی مخصوص یا غیر معینہ مدّت ہوسکتی ہے لیکن آمدنی کو کسی حلال کاروبار میں سرمائے کے طور پر لگایا جاسکتا ہے۔ دونوں اقسام negotiable فارم میں قابلِ اجراء ہوتی ہیں اور رجسٹرڈ یا بیئرر ہوسکتی ہیں۔ |
| 150 | المضاربہ المطلقہ | معاہدۂ مضاربہ جس میں entrepreneur کو مقام، وقت، موسم، اشیائ، کریڈٹ یا کاروبار کے طریقوں کے حوالے سے پابند نہیں کیا جاتا۔ یہ معاملات entrepreneur کے اختیار پر چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ معاہدے میں صرف منافع کی تقسیم کی شرح کا تعین کیا جاتا ہے۔ |
| 151 | المضاربہ المقیّدہ | معاہدۂ مضاربہ جس میں کچھ شرائط، مثلاً مقام، موسم، اشیائ، کریڈٹ اور کاروبار کے طریقوں کا تعیّن کیپٹل فراہم کرنے والا ( ربّ المال ) کرتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 152 | مضاربہ شیئرز | پرائیویٹ سیکٹر سے مضاربہ کی بنیاد پر رقم حاصل کرنے کے لئے عموماً ریاست کے جاری کردہ انسٹرومنٹس۔ ریاست شیئر سرٹیفیکیٹ جاری کرتی ہے جس میں قیمت اور معاہدے کی مدّت اور شرائط کا تعیّن کیا گیا ہوتا ہے۔ جمع شدہ رقم کی کسی منافع بخش منصوبے میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے تاکہ ریاست منافع یا خسارے میں عوام کے ساتھ شریک ہو۔ |
| 153 | المضارب | معاہدۂ مضاربہ میں entrepreneur کا ورکنگ پارٹنر۔ ’صاحب المال‘ اور ’ربّ المال‘ بھی ملاحظہ فرمایئے۔ |
| 154 | مُسوّمہ | عمومی نوعیت کی ایک فروخت جس میں فروخت کار اور خریدار کے درمیان قیمت یا لاگت کے کسی حوالہ کے بغیر فروخت کی جانے والی شے کی بات طے کی جائے۔ |
| 155 | المُشعہ | کسی ایک شے میں ایک سے زائد افراد کے مالکانہ حقوق کو ضم کرنا، مثلاً مشترکہ ملکیت، جس میں ہر شریک مالک کو حق حاصل ہوتا ہے حتّٰی کہ پوری جائداد تقسیم ہوجائے۔ |
| 156 | مُستجار | معاہدے کے تحت کرائے پر دی گئی شے |
| 157 | مُستاجِر | زمین کو کرائے پر دینے کے تناظر میں لیز کے حامل شخص یا کرائے دار کو، اور خدمات کی فراہمی کے تناظر میں ایمپلائر کو مُستاجِر کہتے ہیں۔ |
| 158 | این سی سی اے / نان چیکنگ اکاؤنٹ | ایک قسم کا اکاؤنٹ جس میں صارف صرف رقم داخل کرسکتا ہے لیکن اس میں سے نکال نہیں سکتا۔ چنانچہ اس اکاؤنٹ کے لئے صارف کو کوئی انسٹرومنٹس (ڈیبٹ کارڈ، چیک بک، انٹرنیٹ بینکنگ، وغیرہ) فراہم نہیں کئے جاتے۔ |
| 159 | این او سی | قرض کی منظوری کے بعد صارف کے حق میں جاری کردہ ’نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ‘ |
| 160 | آبجیکٹ ڈیفرڈ سیل (object deferred sale) | بیع السّلم کے لئے مترادف اصطلاح، جس میں رقم پہلے ادا کردی جاتی ہے اور سامان بعد میں پہنچایا جاتا ہے۔ |
| 161 | Off Us اے ٹی ایم | دوسرے بینک کے اے ٹی ایم کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشن |
| 162 | On Us اے ٹی ایم | جاری کنندہ کے بینک کے اے ٹی ایم کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشن |
| 163 | آپریٹنگ اِجارہ | آپریٹنگ لیز جس میں لیز کے اختتام پر لیز کردہ اثاثے کی ملکیت lessee کو منتقل کرنے کا وعدہ شامل نہیں ہوتا۔ |
| 164 | آؤٹ اسٹینڈنگ بیلنس | کسی فنانسنگ فیسلٹی کے حوالے سے کوئی بھی واجبُ الاداء رقم |
| 165 | اوورڈیو / لیٹ پیمنٹس | قرض اور کریڈٹ کارڈ پر واجب الاداء رقم کا وہ حصہ جو آخری تاریخ (میچورٹی) تک ادا نہ کیا گیا ہو۔ تمام مالی سہولیات اپنی مقررہ آخری تاریخ کے ایک کاروباری دن کے بعد اوورڈیو ہوتی ہیں۔ نادہندہ پر تاخیر سے ادائیگی کی فیس اور دیگر جرمانے عائد کئے جاسکتے ہیں۔ |
| 166 | پیرالِل سلَم | بیع السّلم کی ایک قِسم جس میں ایک مالیاتی ادارہ، جس نے کوئی زرعی شے خریدی ہو، کسی اور فریق کے ساتھ شے کی فراہمی کا ثانوی معاہدہ کرتا ہے اور یوں اپنی سرمایہ کاری بشمول منافع یا خسارہ واپس حاصل کرلیتا ہے۔ |
| 167 | پارٹیسپیٹری (participatory) استثناء | فنانس کا ایک ذریعہ جو خالص استثناء کی خصوصیات اور مشارکہ کی کچھ خصوصیات کا مجموعہ ہوتا ہے۔ |
| 168 | پیمنٹ فیسلٹی | کسی شخص یا پارٹی کو بلوں کے تصفیے، یا وقتاً فوقتاً بینک سے منظور کردہ کسی بھی مقصد کے لئے رقم / رقوم کی ادائیگی |

| | | |
|---|---|---|
| کارڈممبر کو جاری کردہ پرسنل آئڈینٹفکیشن نمبر، جس سے کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر، یا کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر کا منتخب کردہ فرد، کو نقد ایڈوانس کے لئے اے ٹی ایم پر کارڈ استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔ پن آئی وی آر (انٹر ایکٹو وائس ریکارڈنگ) کے ذریعے وضع کیا جاتا ہے۔ | پن / اے ٹی ایم پن | 169 |
| اگر صارف میچورٹی سے قبل قرض کی ادائیگی کرنا چاہے تو اس سے ایک یک مشت ادائیگی بشمول ایف ای ڈی چارجز ادا کرنے کو کہا جائے گا | پری پیمنٹ / ارلی سیٹلمنٹ | 170 |
| قرض کی قبل از وقت ادائیگی کی صورت میں عائد ہونے والے فنانشل چارجز | پری پیمنٹ چارجز | 171 |
| فروخت کا معاہدہ جس میں اشیاء اور اُن کی قیمتوں کو ملتوی کر دیا جاتا ہے۔ شریعت کے عمومی قواعد کے تحت یہ جائز معاہدہ نہیں ہے۔ لیکن بیع الاستثناء ایسی فروخت ہوتی ہے جس میں اشیاء اور قیمتوں، دونوں کو ملتوی کر دیا جاتا ہے اور احناف اس بنیاد پر اس کی اجازت دیتے ہیں کہ بیع الاستثناء کوئی قانونی معاہدہ نہیں ہے۔ | پرائس اینڈ آبجیکٹ ڈیفرڈ سیل | 172 |
| بینک کی فراہم کردہ رقم | پرنسپل | 173 |
| قرض کی منظور شدہ رقم پر عائد کردہ یکبارگی فیس برائے پراسیسنگ | پراسیسنگ فیس | 174 |
| رِبا سے پاک معیشت کا مالیاتی انسٹرومنٹ۔ اس سے منافع کی تقسیم کی بنیاد پر کمرشل بینکوں میں ڈپازٹس کی نشاندہی ہوتی ہے۔ | پرافٹ شیئرنگ ڈپازٹ | 175 |
| وہ تفصیلی معلومات / واقعات / صورتحال جو کارڈ ہولڈر متنازع ٹرانزیکشن کے ثبوت کے خلاف بینک کے ساتھ تنازعہ جاری رکھنے کے لئے فراہم کرے | پراگریسِو لیٹر | 176 |
| اسلامی بینک کے تناظر میں مالی صورتحال کے اسٹیٹمنٹ میں ایک contra-asset جو بینک کے انکم اسٹیٹمنٹ کے اخراجات کی صورت میں چارجز سے وجود میں آتا ہے۔ | پراوژن | 177 |
| گاڑی کی خریداری کی تصدیق کے لئے بینک کی طرف سے ڈیلر کو جاری کردہ آرڈر | پرچیز آرڈر | 178 |
| کسی اضافے کے بغیر واپسی سے مشروط قرض | القرض الحسن | 179 |
| معاہدہ جس میں اثاثے پر قبضہ کسی غیر یقینی واقعے کے وقوع پذیر ہونے پر مشروط ہوتا ہے۔ چنانچہ اس اصطلاح کا اطلاق صرف اُن معاہدوں پر ہوتا ہے جن میں ایک فریق کو خسارہ اور دوسرے کو منافع ہونا لازمی ہو، لیکن یہ متعیّن نہ کیا گیا ہو کہ کس کو منافع اور کس کو خسارہ ہوگا۔ | القِمار | 180 |
| کوئی قانون کسی اور قانون کی مشابہت پر اخذ کرنا، اگر دونوں کی بنیاد (علّت) مشترک ہو۔ یہ اسلامی معیشت کے بنیادی مآخذ میں سے ایک ہے۔ | القیاس | 181 |
| قابلِ ذکر مالیت کی حقیقی یا جسمانی جائداد کو کسی قرض یا مالی واجبات کی ضمانت کے طور پر قانون کے مطابق گروی رکھوانا، جس کے نتیجے میں قرض خواہ کو قرض یا اشیاء یا جائداد کا کچھ حصّہ دوبارہ حاصل کرنے کا حق حاصل ہوجاتا ہے۔ | الرّہن | 182 |
| قابلِ اطلاق شرح کی سالانہ نظرِ ثانی کی صورت میں صارف کے لئے خط | ریٹ ریوژن لیٹر | 183 |
| جب ڈیلر کے پاس گاڑی ادائیگی پر فوری ڈلیوری کے لئے دستیاب ہو | ریڈی ڈلیوری | 184 |
| جب ڈیلر کے پاس استعمال شدہ گاڑی ادائیگی پر فوری ڈلیوری کے لئے دستیاب ہو | ریڈی ڈلیوری یوزڈ | 185 |

| | | |
|---|---|---|
| 186 | ریسیویبلز (receivables) | اسلامی بینک کے تناظر میں ریسیویبلز مرابحہ، سلم یا استثناء کے مالیاتی انسٹرومنٹس کے ذریعے کیے گئے فروخت کے معاملات کے نتیجے میں کلائنٹس پر واجبُ الاداء رقوم کو کہتے ہیں۔ |
| 187 | رجسٹریشن چارجز | گاڑی کو ایکسائز اور ٹیکسیشن دفتر میں اندراج کرانے کے لئے درکار رقم |
| 188 | رینٹل پیمنٹ | lessee کی طرف سے اثاثے کے استعمال کے عوض lessor کو دی گئی رقم |
| 190 | ریزرو (reserve) | ریزرو بنیادی طور پر (انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا شیئر ہولڈرز کی) ایکویٹی کا جزو ہوتا ہے اور آمدنی میں سے نکال کر قائم کیا جاتا ہے۔ |
| 191 | ری سٹرکٹڈ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ | اسلامی بینکاری کے تناظر میں وہ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ جس میں بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی رقم کی مضاربہ معاہدے یا ایجنسی پر مبنی معاہدے میں سرمایہ کاری کا مجاز ہوتا ہے، لیکن سرمایہ کاری کے مقام، طریقِ کار اور مقاصد کے حوالے سے کچھ حدود و قیود کا پابند ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں، اسلامی بینک کو پابند کیا جاسکتا ہے کہ سرمایہ کاری کے لئے اپنی رقم کو ریسٹرکٹڈ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ کی رقم کے ساتھ خلط نہ کرے۔ |
| 192 | ری پیمنٹ پیریڈ | قرض کی ادائیگی کی مدّت |
| 193 | ری پوزیشن (repossession) | اصطلاح دُہرائی گئی ہے۔ کوئی بھی ایک تشریح شامل رکھیں۔ |
| 194 | ریزیڈوئل ویلیو | اجارہ کی مدت کی تکمیل کے بعد اثاثے کی مالیت |
| 195 | ریوالونگ مضاربہ | اسلامی بینک کی پیش کردہ مضاربہ سہولت، جو کنونشنل بینکوں میں کریڈٹ لائن کے خطوط پر ہوتی ہے، اور اس میں یہ شرط ہوتی ہے کہ اگر کلائنٹ اپنے واجبات کا جزو یا کُل ادا کردے تو اُس حد تک مضاربہ کی رقم دوبارہ حاصل کرنے کا مجاز ہوجائے گا، لیکن مجموعی منظورہ شدہ حد کے اندر۔ |
| 196 | رِبا الدّیون | قرآنی اصطلاح 'رِبا' یا 'رِبا النسیئہ' کا نعم البدل |
| 197 | الرِّبا | قرض کی رقم میں اضافہ، جو قرض دار پر واجبُ الاداء ہوتا ہے اور اس کے عوض اُسے کوئی بدل نہیں ملتا۔ |
| 198 | رِبا الفضل | 'اموال الربویۃ' (اشیاء جن پر رِبا سے متعلق احکام کا اطلاق ہوتا ہے) کی فروخت کا معاملہ جس میں ایک شے کا اُسی نوعیت کی دوسری شے سے تبادلہ کیا جاتا ہے، لیکن دونوں کی مقدار مساوی نہیں ہوتی، اور کم از کم ایک شے کی ڈیلیوری کو ملتوی کیا جاتا ہے۔ رِبا الفضل سے بچنے کے لئے دونوں اشیاء کی مقدار برابر ہونا اور تبادلہ فوری ہونا ضروری ہے۔ |
| 199 | رِبا النسیئہ | قرض دار پر واجبُ الاداء قرض کی رقم میں اضافہ۔ اس سے مراد قرض کا وہ معاملہ ہے جس کی مدت کچھ بھی ہو اور یہ باہمی مفاہمت ہو کہ قرض دار مدّت کے اختتام پر قرض خواہ کو قرض کی رقم بشمول اضافہ ادا کرے گا، اور یہ اضافہ ادائیگی کی مہلت کا عوض شمار کیا جائے گا۔ |
| 200 | سیٹ آف کا حق | نادہندگی یا کسی اور صورت میں بینک کو سیٹ آف کا حق حاصل ہے، یعنی بینک اپنی صوابدید پر صارف کو مطّلع کئے بغیر اس کے اکاؤنٹ میں سے واجبات کی وصولی کرسکتا ہے |
| 201 | Rupee / PKR | پاکستانی روپیہ |
| 202 | تنخواہ دار فرد | تنخواہ پر ملازمت کرنے والا شخص |
| 203 | Sale آرڈر | گاڑی کی ڈیلیوری سے قبل صارف کے نام بھیجی گئی تصدیقی دستاویز |

| | | |
|---|---|---|
| 204 | شیڈول آف چارجز | کارڈ /بی ٹی ایف، کارڈ ٹرانزیکشنز اور/یا کارڈ اکاؤنٹ پر عائد کردہ سروس فیس، چارجز اور دیگر فیس کی تفصیلات کا دستاویز، جو بینک کارڈ ممبرز کو سال میں دو مرتبہ جاری کرتا ہے۔ |
| 205 | سیکیورڈ لمٹ | بینک کی منظور کردہ قرض کی حد جو گروی /non-liquid/liquid/سیکیورٹیز کے بالمقابل محفوظ ہو۔ نادہندگی یا کسی اور صورت میں بینک کو مذکورہ سیکیورٹی سے واجبات وصول کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ |
| 206 | سیکیورٹی | قرض کے بالمقابل بینک کی سیکیورٹی |
| 207 | سیلف ایمپلائیڈ پروفیشنل | ذاتی پیشہ ورانہ کاروبار کا مالک فرد |
| 208 | Semi کمرشل | گاڑیاں جن کو انفرادی ضرورت اور کاروباری مقصد، دونوں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہو |
| 209 | سروس اسٹیبلشمنٹ | جب بینک کسی مرچنٹ کو تعینات کر کے اس کو معاہدے کے مطابق کارڈ ٹرانزیکشنز قبول کرنے اور تنازعات اور استفسارات پر اقدام کرنے کا اختیار دے تو یہ سروس اسٹیبلشمنٹ کہلاتی ہے۔ |
| 210 | سروس فیس / اینوئلائزڈ پرسنٹیج ریٹ (اے پی آر) | بینک کی مقرر کردہ فیس، جس کو شیڈول آف چارجز میں بیان کیا جاتا ہے، جو صارف پر واجبات اور دیگر رقوم کے ضمن میں واجب الاداء ہوتی ہے |
| 211 | شریعہ آڈٹ | اسلامی مالیاتی ادارے کے کاموں کا آڈٹ جس کا مقصد یہ جانچنا ہو کہ ادارہ کس حد تک شرعی تقاضوں کی پابندی کررہا ہے۔ |
| 212 | شریعہ بورڈ | اسلامی بینک میں راہنمائی اور نگرانی کے لئے اسلامی علماء کی کمیٹی جس کے فیصلوں کا بینک پابند ہوتا ہے۔ |
| 213 | الشِّرکہ | منافع کمانے کے مقصد سے کاروبار یا ادارہ شروع کرنے والے دو یا زائد افراد کے درمیان معاہدہ |
| 214 | شرکۃ الابدان | دو یا زائد افراد کے درمیان محض صلاحیت یا ذہنی یا جسمانی مشقت کی شراکت داری (بغیر سرمائے کے)۔ وہ مشترکہ طور پر کام قبول کرتے ہیں، معاہدے کے مطابق اسے انجام دیتے ہیں اور منافع باہم تقسیم کرتے ہیں۔ اس کو 'شرکۃ الصنعہ' بھی کہتے ہیں۔ |
| 215 | شرکۃ الاموال | شراکت داری جس میں ہر شریک رقم کی صورت میں کچھ سرمایہ لاتا ہے، تمام شریک اپنی مشقت اور صلاحیت شامل کرتے ہیں اور منافع یا خسارہ متفقہ طور پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ |
| 216 | شرکۃ العقد | دو یا زائد افراد اس شرط پر کاروبار جاری رکھ سکتے ہیں کہ سرمایہ اور منافع باہم تقسیم کیا جائے گا۔ یہ شرکۃ الملک سے مختلف ہے جس میں مشترکہ جائداد میں شراکت داری ہوتی ہے۔ |
| 217 | شرکۃ الملک | جائداد کی شراکت داری اس وقت وجود میں آتی ہے جب دو افراد بیک وقت کسی شے کے وارث بنتے ہیں یا بیک وقت کوئی شے خریدتے ہیں۔ دونوں میں سے کسی کو بھی دوسرے کا حصہ اُس کی اجازت کے بغیر فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ دونوں ایک دوسرے کے حصّے کے اعتبار سے اجنبی تصوّر کیے جاتے ہیں۔ |
| 218 | شرکۃ المفاوضہ | شراکت داری کا معاہدہ جس میں تمام شریک سرمائے کے اعتبار سے مساوی ہوتے ہیں اور کاروبار کے معاملات نقد یا اُدھار پر چلانے کے حقدار ہوتے ہیں۔ تمام شریک ایک دوسرے کے ایجنٹ اور ضامن ہوتے ہیں۔ وہ غیر مساوی شرحوں پر منافع تقسیم کرنے پر متفق ہوسکتے ہیں لیکن خسارے کے تقسیم کی شرحیں مساوی رہتی ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 219 | الشرکۃ المتنقصہ | منافع بخش اثاثے یا کاروبار میں شراکت داری کا معاہدہ جس کے تحت ایک شریک طے شدہ نظام الاوقات کے مطابق بالآخر اثاثے یا کاروبار کا مالک بن جاتا ہے۔'ڈمنشنگ پارٹنرشپ' کی ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ خود اثاثے سے پیدا ہونے والی آمدنی کو استعمال کرتے ہوئے بینک کا حصّہ دوسرے فریق کو معمولی مالیت پر فروخت کردیا جاتا ہے۔ |
| 220 | ایس ایم ایس فیس | شارٹ میسج سروس چارجز |
| 221 | اسٹینڈنگ انسٹرکشنز / آٹو ڈیبٹ | صارف کی طرف سے اس کے اکاؤنٹ میں سے مقررہ وقفوں سے طے شدہ رقم منہا کرنے کی خصوصی تحریری (اور دستخط شدہ) ہدایات۔کنزیومر فنانسنگ کے پسِ منظر میں اسٹینڈنگ انسٹرکشنز کا مطالبہ عموماً بینک سے قرض حاصل کرنے والے ایسے صارفین کرتے ہیں جن کا ایک اور non checking اکاؤنٹ ہو جس کے ذریعے ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ |
| 222 | اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ | بینک کے ماہانہ یا دیگر متواتر گوشوارہ جاتِ حسابات، جو بینک اپنے صارفین کو بھیجتا ہے، جس میں ٹرانزیکشنز کی تفصیلات ظاہر کی جاتی ہیں۔ |
| 223 | سوٹ | قانونی مقدمہ |
| 224 | سپلیمنٹری کارڈ | وہ شخص جس کو اصل / بنیادی کارڈ ممبر کی اجازت اور مرضی سے سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا جائے |
| 225 | سپلیمنٹری کارڈ ممبر | وہ شخص جس کو سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا جائے |
| 226 | التبرُّع | مشترکہ جائداد میں مکمل اور بلاقدغن تصرّف کا حق۔یہ حق قانون نے کسی شریک کو نہیں دیا ہے۔تاہم ذاتی جائداد میں تبرُّع کا حق ہوتا ہے۔ |
| 227 | ٹی پن | کارڈ ممبر کو جاری کردہ پرسنل آئیڈنٹفکیشن نمبر تاکہ کارڈ ممبر، سپلیمنٹری کارڈ ممبر یا ان دونوں میں سے کسی کا منتخب کردہ کوئی شخص بینک کی فراہم کردہ ٹیلیفون بینکنگ سہولیات کو استعمال کرسکے۔ٹی پن کو آئی وی آر سے وضع کیا جاتا ہے۔ |
| 228 | تکافل | اسلامی بیمہ۔باہمی تعاون کی ایک تدبیر جو شرکاء کو غیر متوقع اور شدید ضرورت کی صورت میں تحفظ فراہم کرتی ہے۔ |
| 229 | تکافل کانٹریبیوشن | تکافل کمپنی کو اثاثے کے تحفظ کے عوض طے شدہ شرح پر واجبُ الاداء رقم |
| 230 | تکافل پریمیئم | تکافل فراہم کنندہ کو اثاثے کے تحفظ کے عوض تکافل پریمیئم کی طے شدہ شرح پر واجبُ الاداء رقم |
| 231 | تکافل پراڈکٹس | صارف کے واجبات / اثاثوں کو مستقبل کے غیر متوقع حالات کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لئے وضع کی گئی مصنوعات |
| 232 | ٹی اے ٹی -ٹرن اراؤنڈ ٹائم | درخواست کی پراسیسنگ کے لئے درکار وقت |
| 233 | عارضی کریڈٹ | متنازع ٹرانزیکشن کے لئے کارڈ ہولڈر کے کارڈ اکاؤنٹ میں پوسٹ کیا گیا محدود مدّت کا کریڈٹ |
| 234 | ٹینیئور | مدّت جس کے لئے قرض (ٹرم لون) منظور کیا گیا ہے۔اس مدّت کو عموماً 12 ماہ کے multiples میں تشکیل دیا جاتا ہے |
| 235 | ٹائم بارڈ ٹرانزیکشن | وہ ٹرانزیکشن جو پوسٹ کئے جانے کے 120 دنوں کی حد یا ماسٹر کارڈ / ویزا کی قابلِ اجازت حد کے بعد صارف کی طرف سے متنازع ہوجائے |
| 236 | جائداد کا ٹائٹل | دستاویزات جس میں جائداد کے مالک کی شناخت کی گئی ہو |

| | | |
|---|---|---|
| 237 | گاڑی کا ٹائٹل | دستاویزات جس میں گاڑی کے مالک کی شناخت کی گئی ہو، مثلاً ایکسائز فائل یا رجسٹریشن بُک |
| 238 | ٹاپ اپ | لائن کو دوبارہ بھرنا یا بڑھانا |
| 239 | ٹوٹل کیش آؤٹ لے (ٹی سی او) | گاڑی کے لئے قرض کی منظوری کے بعد ادا کی جانے والی رقم جو بیعانہ، بیمہ، پراسیسنگ فیس وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے |
| 240 | کُل ماہانہ ادائیگی (ٹی ایم پی) | ماہانہ واجبات بشمول قرض کی اقساط (پرنسپل + مارک اپ) اور بیمہ کا پریمیئم |
| 241 | Trenches | اجزاء میں فراہم کیا گیا قرض |
| 242 | انڈرٹیکنگ | صارف کی طرف سے فراہم کیا گیا متوقع مالی نقصان کا معاوضہ |
| 243 | یونٹس | کسی اثاثے کے غیر منقسم شدہ اجزاء |
| 244 | اَن ری سٹرکٹڈ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ | اسلامی بینکاری کے تناظر میں وہ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ جس میں اکاؤنٹ ہولڈر اسلامی بینک کو اس بات کا مختار بناتا ہے کہ وہ اس کی رقم کی مضاربہ معاہدے میں سرمایہ کاری کرے اور اس کے لیے بینک کو جو طریقہ موزوں لگے وہ اختیار کرے، اور سرمایہ کاری کے مقام، طریقے اور مقاصد کے حوالے سے بینک کسی حدود و قیود کا پابند نہیں ہوتا۔ |
| 245 | عدم اطمینان بخش کریڈٹ ہسٹری | جب صارف استفادہ شدہ cross sell سہولت / مصنوعات کے عوض ادائیگیاں نہ کر رہا ہو تو بینک کو اختیار ہوتا ہے کہ اس سہولت کو عارضی یا مستقل طور پر بند کر دے |
| 246 | USڈالر | امریکی کرنسی |
| 247 | ویلیڈٹی ڈیٹ | کارڈ پر بینک کی جانب سے معیّن کردہ کارڈ کے قابلِ عمل رہنے کی تاریخ |
| 248 | الوکالہ | ایجنسی کا معاہدہ جس میں ایک شخص اپنا کاروبار دوسرے شخص کو تفویض کرتا ہے اور اُس کو اپنا نعم البدل بناتا ہے۔ مؤخر الذکر شخص وکیل یا ایجنٹ کہلاتا ہے اور مقدّم الذکر شخص موکّل یا پرنسپل کہلاتا ہے۔ |
| 249 | الوقف | جائداد کو ابدی طور پر مختص یا متعیّن کر دینا، اس طرح کہ مالکانہ حقوق corpus پر نہیں بلکہ صرف usufruct پر نافذ ہو سکیں۔ وقف شدہ جائداد کو نہ فروخت کیا جا سکتا ہے نہ وراثت میں حاصل کیا جا سکتا ہے اور نہ عطیہ کیا جا سکتا ہے۔ وقف کی بنیاد غریبوں کی امداد کے مذہبی فلسفے پر قائم ہے۔ |
| 250 | واقف | وقف کے قانون کے تناظر میں، وہ شخص جو اپنی جائداد وقف کرتا ہے۔ |
| 251 | وِدڈرال فیسلٹی | اے ٹی ایم یا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے نقد نکلوانے کی سہولت |
| 252 | الزکٰوۃ (زکٰوۃ) | ٹیکس جو اُن تمام افراد پر عائد ہوتا ہے جن کے پاس ایک استثنائی حد (نصاب) سے زیادہ مال ہو۔ زکٰوۃ کی شرح شریعت کی مقرر کردہ ہے اور اس کا فلسفہ مال اور روح کو ناپاک محبت سے پاک کرنا ہے۔ اس کا مقصد ہے کہ اصحابِ ثروت کے مال میں سے ایک حصّہ الگ کر کے غریبوں اور ضرورتمندوں میں تقسیم کیا جائے۔ |